**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2025**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ درج ذیل کون سی خصوصیت **صرف** مدنی سورتوں میں ہے؟

A۔ توحید و رسالت کا بیان

B۔ نافرمان قوموں کا بیان

C۔ تاریخی واقعات کا بیان

D۔ منافقین اور اہلِ کتاب کا بیان

2۔ قرآنِ مجید کی موجودہ ترتیب 'ترتیبِ توقیفی' کیوں ہے؟

A۔ اس کی ترتیب بہ ذریعہ حضرت جبرائیلؑ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

B۔ اس کی ترتیب جنگِ یمامہ کے بعد حضرت عمر فاروقؓ کی طرف سے ہے۔

C۔ اس کی ترتیب جنگِ یمامہ کے بعد حضرت ابو بکر صدیقؓ کی طرف سے ہے۔

D۔ اس کی ترتیب قرأت کے اختلافات کے بعد حضرت عثمانِ غنیؓ کی طرف سے ہے۔

3۔ ترجمہ: ''بے شک ہم نے یہ ذکر (قرآن) نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں''۔ (الحجر: 09)

دی گئی آیت (ترجمہ) میں اللہ تعالیٰ نے ذکر (قرآن) کی حفاظت کی ذمہ داری کیوں لی ہے؟

A۔ عربی ثقافت کو سمجھا جائے

B۔ غیر مسلموں کی غلطیوں کو واضح کیا جائے

C۔ صرف قریشِ مکہ کو دین کی تعلیم دی جائے

D۔ تمام انسانیت کے لیے ہدایت فراہم کی جائے

4۔ ترجمہ: ''مومنو! ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ، ہاں! اگر آپس کی رضا مندی سے تجارت کا لین دین ہو اور اس سے مالی فائدہ حاصل ہو جائے، تو وہ جائز ہے اور اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ تم پر مہربان ہے۔'' (النساء: 29)

دی گئی آیت (ترجمہ) کی جامع تعلیم کیا ہے؟

A۔ کاروباری لین دین سے بچا جائے

B۔ مشکلات کے وقت ہمت کا مظاہرہ کیا جائے

C۔ ایک دوسرے کو دھوکہ دینے سے بچا جائے

D۔ صرف امیر لوگوں کے ساتھ تجارت کی جائے

AKU-EB Annual Examinations 2025 For Teaching & Learning only

5۔ ترجمہ: ”اور اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور ماں باپ اور قرابت والوں اور یتیموں اور ناداروں اور رشتہ دار ہم سایوں اور اجنبی ہم سایوں اور پاس بیٹھنے والوں اور مسافروں اور جو لوگ تمھارے قبضے میں ہوں، سب کے ساتھ حسنِ سلوک کرو۔“ (النساء: 36)

دی گئی آیت (ترجمہ) میں کتنی قسم کے لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

A۔ چار

B۔ چھے

C۔ سات

D۔ نو

**دی گئی آیت کی روشنی میں سوال نمبر 6 اور 7 کے جوابات دیجیے۔**

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ۔ (المائدہ: 33)

6۔ دی گئی آیت کے خط کشیدہ الفاظ میں فساد فی الارض کرنے والوں کی کون سی سزا بتائی جارہی ہے؟

A۔ قتل کرنا

B۔ نظر بند کرنا

C۔ شہر سے باہر نکالنا

D۔ مخالف سمتوں سے ہاتھ پاؤں کاٹنا

7۔ دی گئی آیت میں سزاؤں کا نفاذ اُس صورت میں ممکن ہوگا جب

A۔ صرف عوام کی خواہشات پر فیصلہ دیا جائے۔

B۔ ملزمان کے ساتھ کوئی رعایت نہ برتی جائے۔

C۔ خاندانی قرابتوں کو ملحوظ رکھا جائے۔

D۔ مظلوموں کے دلائل کو نہ سنا جائے۔

Annual Examinations 2025 AKU-EB
for Teaching & Learning only

8۔ عصر حاضر میں لوگوں کی قرآنی تعلیمات سے دوری کی تمام وجوہات ہیں، **ماسوائے**

A۔ قرآنِ مجید کو نہ سمجھنا۔

B۔ کھیلوں میں زیادہ دل چسپی لینا۔

C۔ سوشل میڈیا کا منفی استعمال کرنا۔

D۔ قرآنِ مجید کے حصول میں مشکلات ہونا۔

9۔ ترجمہ: ''یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو ملک میں حکومت دیں تو نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور نیک کام کرنے کا حکم دیں اور برے کاموں سے منع کریں اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔'' (الحج: 41)

دی گئی آیت (ترجمہ) میں اسلامی ریاست میں 'زکوٰۃ' ادا کرنے کے لیے کیوں کہا گیا ہے؟

A۔ کاروباری طبقے کو منافع ملتے رہنا

B۔ دولت کا مخصوص ہاتھوں میں رہنا

C۔ معاشرے کا معاشی طور پر مستحکم رہنا

D۔ مال دار لوگوں کی مالی معاونت ہوتے رہنا

10۔ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ۔۔۔ (التوبہ: 24)

دی گئی آیت میں لفظ 'عَشِيْرَتُكُمْ' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ تمھارا خاندان

B۔ تمھارے بیٹے

C۔ تمھارا کمایا ہوا مال

D۔ تمھارے دس ساتھی

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

11۔ ترجمہ: ''وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اس دین کو دنیا کے تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ کافر ناخوش ہی ہوں۔'' (التوبہ: 33)

دی گئی آیت (ترجمے) کی روشنی میں غلبۂ دین کے لیے بہ طورِ طالب علم ہماری کیا ذمہ داری ہے؟

A۔ اپنے گھر میں نماز کا اہتمام کیا جائے
B۔ تمام مذاہب کی تعلیمات کو پڑھا جائے
C۔ لوگوں میں اخلاقی تعلیمات کو عام کیا جائے
D۔ دین کے غلبے کے لیے غیر مسلموں پر سختی کی جائے

12۔ حدیث کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ بعض قرآنی آیات کی تفسیر احادیثِ مبارکہ کے بغیر سمجھی ہی نہیں جاسکتی۔

دیے گئے بیان کی روسے قرآن فہمی کے لیے حدیث کی ضرورت کو سمجھنے کے لیے کون سی مثال موزوں رہے گی؟

A۔ نماز کی تفصیلات
B۔ سپاروں کی تفصیلات
C۔ سورتوں کی تفصیلات
D۔ نافرمان قوموں کی تفصیلات

13۔ ترجمہ: ''اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے''۔ (حدیث: 15)

دی گئی حدیث (ترجمے) کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟

A۔ بُرائی کو ہاتھ سے روکا جائے
B۔ گداگری کی حوصلہ شکنی کی جائے
C۔ دینی تعلیم غریبوں تک پہنچائی جائے
D۔ لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک کیا جائے

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

14۔ ترجمہ: ”علم حاصل کرو اگرچہ ملک چین ہی کیوں نہ جانا پڑ جائے“۔ (حدیث: 18)

دی گئی حدیث (ترجمے) میں کون سا پیغام پوشیدہ ہے؟

A۔ چینی ثقافت اپنانا
B۔ چینی زبان سمجھنا
C۔ علم کے لیے طویل سفر طے کرنا
D۔ سیاحت کے لیے چین کی طرف رخ کرنا

15۔ ترجمہ: ”بے شک اللہ تعالیٰ تمھارے جسموں اور صورتوں کو نہیں دیکھتا بلکہ تمھارے دلوں کو دیکھتا ہے۔“ (حدیث: 19)

دی گئی حدیث (ترجمے) کی رو سے بہ طورِ طالب علم آپ اپنی زندگی کیسے گزاریں گے؟

A۔ تعلیم حاصل کریں گے
B۔ ریاکاری سے بچیں گے
C۔ والدین کی خدمت کریں گے
D۔ اپنے ظاہری حلیے کو صاف رکھیں گے

16۔ ترجمہ: ”ایمان کی ستر یا ساٹھ سے کچھ زائد شاخیں ہیں، پس ان سب میں سے افضل شاخ لا الٰہ الا اللہ کہنا ہے اور سب سے کم تر شاخ راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹانا ہے۔۔۔“ (حدیث: 20)

دی گئی حدیث میں ’راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹانا‘ کو ایمان کی کم تر شاخ کہنے میں کون سا مقصد پوشیدہ ہے؟

A۔ پابندیٔ وقت کی حقیقت واضح ہو جائے
B۔ ایمان بالرسالت کی حقیقت واضح ہو جائے
C۔ انسانی ہمدردی کی انتہائی صورت واضح ہو جائے
D۔ صبر و استقامت کی انتہائی صورت واضح ہو جائے

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

17۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 23 کے مطابق، حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کن لوگوں کو کہا کہ وہ مومن نہیں ہیں؟

A۔ شرک کرنے والے
B۔ پڑوسیوں کو تکلیف دینے والے
C۔ والدین کی نافرمانی کرنے والے
D۔ اپنے ماتحتوں پر ظلم کرنے والے

18۔ اسلامیات کے استاد نے طلبہ کو دورانِ تدریس توحید کے اثرات سے متعلق یہ واضح کیا کہ 'توحید پر پختہ یقین رکھنے والا سوائے اللہ کے کسی کے آگے سر نہیں جھکاتا۔'

دیے گئے بیان کی رو سے توحید کا انسانی زندگی پر کون سا اثر نمایاں ہو رہا ہے؟

A۔ استقامت
B۔ رواداری
C۔ مساوات
D۔ انکساری

19۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر عائد ذمہ داریوں میں سے 'کتاب کی تعلیم' سے کیا مراد ہے؟

A۔ تزکیۂ نفس
B۔ احکامِ الٰہی
C۔ حکمت و دانائی
D۔ تلاوتِ آیات

20۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا، ترجمہ: ''میں تمام انسانوں کی طرف بھیجا گیا ہوں، حال آں کہ مجھ سے پہلے جو نبی مبعوث ہوئے، وہ خاص اپنی قوموں کی طرف بھیجے جاتے تھے۔'' (صحیح بخاری)

دی گئی حدیث میں کس حقیقت کو واضح کیا گیا ہے؟

A۔ ختمِ نبوت
B۔ وحی کی اہمیت
C۔ انبیا کے فضائل
D۔ قوموں کی تاریخ

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

21۔ روایات کی رو سے کسی ملک سے جنگ کی صورت میں درج ذیل تمام جنگی اصولوں پر عمل کرنا چاہیے ، **ماسوائے**

A۔ عورتوں کو تکلیف نہ دی جائے۔

B۔ درختوں کو نہ جلایا جائے۔

C۔ دشمن سے نہ لڑا جائے۔

D۔ پانی بند نہ کیا جائے۔

22۔ درج ذیل نِکات کو پڑھیے:

- پانچ ہجری
- سخت سردی کا موسم
- منافقین اور یہودیوں کی دھوکہ دہی
- ہوا کا طوفان

دیے گئے نِکات کس غزوہ سے متعلق ہیں؟

A۔ غزوۂ بدر

B۔ غزوۂ اُحد

C۔ غزوۂ خیبر

D۔ غزوۂ احزاب

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

23۔ درج ذیل کون سا بیان غزوۂ خیبر کے نتیجے سے متعلق ہے؟

A۔ یہود جزیہ دینے پر رضامند ہوگئے۔

B۔ یہودیوں نے خیبر کا علاقہ چھوڑ دیا۔

C۔ یہود اپنی تجارت کا ایک حصہ دینے پر راضی ہوگئے۔

D۔ یہودیوں نے مل جل کر رہنے کے لیے ایک امن کا معاہدہ کیا۔

24۔ روایات کے مطابق، حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو عام طور پر دورانِ گفتگو جب کسی بات پر زور دینا ہوتا، تو عمومی طور پر آپؐ کیا طریقہ اختیار فرماتے؟

A۔ لوگوں سے لکھواتے

B۔ کم از کم تین بار بات کو دہراتے

C۔ اپنی جگہ پر کھڑے ہوکر ارشاد فرماتے

D۔ کسی مخصوص مقام پر کھڑے ہوکر ارشاد فرماتے

25۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے شمائل کی روشنی میں بہ طورِ طالب علم، آپ کسی سے ملاقات کے لیے اس کے گھر جائیں، تو دروازے پر پہنچ کر کیا طرزِ عمل اپنائیں گے؟

A۔ دروازے کے دائیں یا بائیں کھڑے ہو کر جواب کا انتظار کریں گے
B۔ دروازے کے بالکل سامنے کھڑے ہو کر جواب کا انتظار کریں گے
C۔ دستک دینے کے ساتھ بار بار نام بھی پکارتے رہیں گے
D۔ دروازے پر مسلسل دستک دیتے رہیں گے

26۔ درج ذیل کون سا حق صرف بیوی کے لیے خاص ہے؟

A۔ مہر ملنا
B۔ گھر ملنا
C۔ عزت ملنا
D۔ ترکے میں حصہ ملنا

27۔ درج ذیل کون سا بیان عفت و حیا پر عمل پیرا ہونے کے نتیجے میں معاشرے پر پڑنے والے مثبت اثرات سے متعلق ہے؟

A۔ ایمن نے عفت و حیا کو اپنانے سے متعلق کمرۂ جماعت میں درس دیا۔
B۔ عبداللہ نے اپنے دوستوں کو عفت و حیا کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کیا۔
C۔ شفیق کے نیک اعمال کی وجہ سے اس کے دوستوں نے عفت و حیا کو اپنانا شروع کر دیا۔
D۔ ثمینہ نے معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے حیائی پر عفت و حیا کے اپنانے سے متعلق ایک مقالہ تحریر کیا۔

28۔ حضرت لعل شہباز قلندرؒ کس سنِ عیسوی میں پیدا ہوئے؟

A۔ 1133 عیسوی
B۔ 1143 عیسوی
C۔ 1167 عیسوی
D۔ 1177 عیسوی

Annual AKU-EB Examinations 2025
for Teaching & Learning only

29۔ حضرت لعل شہباز قلندرؒ نے سندھ میں اسلام کی تبلیغ میں زیادہ تر کس عنصر کو اپنے پیشِ نظر رکھا؟

A۔ سخاوت

B۔ انصاف

C۔ جذبات

D۔ بہادری

30۔ بہ طورِ طالب علم، آپ حضرت لعل شہباز قلندرؒ کا پیغام لوگوں تک کیسے پہنچا سکتے ہیں؟

A۔ رواداری کو فروغ دے کر

B۔ مزارات کی اہمیت بیان کرکے

C۔ سندھی زبان کو فروغ دے کر

D۔ سندھی شاعری کی تاریخ بیان کرکے

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only